امراض وعلاج

فہرست

دواؤں کی مقدار خوراک کا تعین بحساب عمر	8
مطب دواخانے سے متعلق اوزان کی معلومات خانگی پیمانے......	8
تشخیصی معلومات	9
طبعی رفتار نبض	9
طبعی رفتار تنفس	10
تجزیہ مادۂ منویہ	10
امتحان دموں سے متعلق ضروری معلومات	10
ضغط الدم (بلڈ پریشر)	11
احشاء بدن کی ضروری گنجائش	12
تشخیصی خاکہ مردانہ	15
تشخیصی خاکہ زنانہ	16
دماغ اور اعصاب کی بیماریاں (دردسر: آدھا سیسی کا درد)	17
ضعف دماغ	18
نسیان (بھول)	21
مرگی (صرع)	21
فالج و لقوہ اور رعشہ	22
دل کی بیماریاں (ضعف قلب۔ اختلاج قلب)	24
دانتوں اور مسوڑھوں کی بیماریاں (پائریا' دانت کا درد)	34
ناک کی بیماریاں (ناک کی بدبو)	35
ناک کے کیڑے	35
نزلہ وزکام	36
حلق کی بیماریاں (درد و ورم حلق)	41

حلق کی پھنسیاں	41
ورم لوزتین	41
سینے کی بیماریاں : خون تھوکنا (نفث الدم)	41
کھانسی (سعال)	42
ضیق النفس (دمہ)	43
امراض معدہ (ضعف معدہ)	44
درد معدہ وجع المعدہ	50
متلی اور قے	53
امراض کبد ومرارہ (جگر و پتے کی بیماریاں)	55
یرقان	60
سنگ مرارہ (پتہ کی پتھری)	60
عظم طحال (تلی کا بڑھ جانا)	61
آنتوں کی بیماریاں اسہال (دست)	62
قبض	66
کرم شکم۔ پیٹ کے کیڑے	68
بواسیر	68
گردہ ومثانہ کی بیماریاں (ضعف گردہ ومثانہ)	70
سنگ گردہ ومثانہ	71
گردہ ومثانہ کی گرمی	74
درد گردہ	74
ذیابیطس (پیشاب میں شکر آنا)	75
پیشاب کی زیادتی	76
بیشاب کی بندش (احتباس بول)	77
بستر پر پیشاب نکل جانا (بول فی الفراش)	78

سلسل البول، تقطیر البول (پیشاب کا بلا ارادہ قطرہ قطرہ نکلنا)	78
پیشاب میں خون آنا (بول الدم)	78
پیشاب کی جلن (حرقۃ البول)	78
مردوں کی مخصوص بیماریاں: ضعف باہ (مردانہ طاقت کی کمی)	79
کثرت احتلام وجریان (سوتے میں اور پیشاب میں مادہ منویہ کا خارج ہونا)	86
عضو مخصوص کی لاغری، نرمی اور کجی	90
ورم انثیین (فوطوں کا ورم)	92
عورتوں کی مخصوص بیماریاں: سیلان الرحم (سفید رطوبت کا آنا اور رحم کا ورم)	92
ضعف رحم (بچہ دانی کی کمزوری)	95
کثرت الطمث (مہینے کا زیادہ آنا)	97
عسر الطمث (مہینے کا تکلیف سے آنا)	97
کشادگی مہبل (مہبل کا پھیل جانا)	99
عوارضات حمل (زمانہ حمل کی تکالیف)	100
امراض مفاصل (جوڑوں کی بیماریاں) : وجع المفاصل (جوڑوں کا درد)	101
امراض فساد خون (خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماریاں)	103
پھنسی، زخم وخارش	103
خنازیر (کنٹھ مالا)	109
مہاسے	110
بہق وبرص	110
امراض خبیثہ (گندی جنسی بیماریاں)	112
آبلہ فرنگ (آتشک) اور سوزاک	113
امراض شعر (بالوں کی بیماریاں): بالوں کا گرنا وسفید ہونا (صلع وشیب)	114
حمیات (بخار)	116
امراض اطفال (بچوں کے امراض)	118
اشاریات ادویات	119

دواؤں کی مقدار خوراک کا تعین بحساب عمر

عمر کے پہلے سال سے عمر کے دوسرے سال تک کے بچہ کے لئے	بالغ آدمی کی خوراک کا ۱/۶
۲ سال تا ۴ سال تک کے بچہ کے لئے	" " " " ۱/۴
۴ سال تا ۶ سال تک کے بچہ کے لئے	" " " " ۱/۳
۶ سال تا ۹ سال تک کے بچہ کے لئے	" " " " ۱/۲
۹ سال تا ۱۰ سال تک کے بچہ کے لئے	" " " " ۳/۴

مطب دواخانہ سے متعلق اوزان کی معلومات

خانگی پیمانے کے ہم وزن عشری اوزان

چائے کا چمچہ (ٹی اسپون فل)	تقریباً ۵ ملی لیٹر
کھانے کا چمچہ (ٹیبل اسپون فل)	تقریباً ۱۵ ملی لیٹر
چائے کی پیالی (ٹی کپ فل)	تقریباً ۱۸۰ ملی لیٹر
پانی پینے کا گلاس	تقریباً ۲۴۰ ملی لیٹر

قدیم طبی اوزان	قدیم طبی اوزان (دیسی اوزان)	دیسی اوزان بمقابلہ عشری اوزان
درہم: ۲/۱: ۳ ماشہ	۸ چاول: ایک رتی	ایک چاول: تقریباً ۱۵ ملی گرام
مثقال: ۲/۱: ۴ ماشہ	۸ رتی: ایک ماشہ	ایک رتی: ۱۲۵ ملی گرام
	۱۲ ماشہ: ایک تولہ	

اوقیہ:۲/۱:۲تولہ ۵تولہ:ایک چھٹانک ایک ماشہ:تقریباًایک گرام

رطل:۲/۱سیر ۴چھٹانگ:ایک پاؤ ایک تولہ:تقریباً۵ء۱۱گرام

۴پاؤ:ایک سیر

تشخیصی معلومات مطب

طبی درجہ حررات:

۳۷ڈگری سنٹی گریٹ ۴ء۹۸فارن ہائٹ

طبعی رفتار نبض

نومولود بچہ میں	:	۱۴۰_۱۳۰فی منٹ
عمر کے پہلے سال میں	:	۱۳۰_۱۱۵فی منٹ
عمر کے دوسرے سال میں	:	۱۱۵_۱۰۰فی منٹ
عمر کے تیسرے سال میں	:	۱۰۰_۹۵فی منٹ
۸سال ۱۴سال تک	:	اوسطاً۸۴فی منٹ
بالغ آدمی میں	:	اوسطاً۷۲فی منٹ
عمر رسیدہ میں	:	۶۷فی منٹ

درجہ حرارت کی ہر اکائی کے ساتھ نبض کی رفتار میں تقریباًدس ٹھوکروں کا اضافہ ہوتا ہے

طبعی رفتار تنفس

عمر کے پہلے سال میں : تقریباً ۳۵ فی نٹ

عمر کے دوسرے سال میں : تقریباً ۲۵ فی منٹ

سن بلوغت میں : تقریباً ۲۰ فی منٹ

عمر رسیدہ میں : تقریباً ۱۸ فی منٹ

تجزیہ مادۂ منویہ

ایک مرتبہ کی مقدار : ۶ ملی لیٹر تا ۷ ملی لیٹر

تعداد خونیات منویہ فی ملی لیٹر : ۶ کروڑ تا ۱۲ کروڑ

محرک خونیات منویہ : ۷۵٪

امتحان دموں سے متعلق ضروری معلومات

حمرۃ الدم (Haemoglobin) : ۱۴ تا ۱۶ گرام

کریات حمرۃ (R.B.C.) : ۴۵۰۰۰۰۰ تا ۵۰۰۰۰۰۰ فی کیوبک

کریات بیضہ (W.B.C.) : ۵۰۰۰ تا ۸۰۰۰ فی کیوبک ملی لیٹر

ای ایس آر (E.S.R) :

پہلے گھنٹہ میں : ۰ تا ۱۵ ایم ایم

دوسرے گھنٹہ میں : ۰ تا ۱۵ ایم ایم

شکر دموی بہ حالت فاقہ : ۸۰ تا ۱۲۰ ملی گرام

شکر دلوی بہ حالت کھانے کے بعد : ۱۲۰ تا ۱۴۰ ملی گرام

شحم مصلی (S.Cholestrol) : ۱۴۰ تا ۲۸۰ ملی گرام

بلڈ یوریا (Blood Urea) : ۱۵ تا ۳۵ ملی گرام

سرم یورک ایسڈ (S. Uric Acid): ۱ء۵ تا ۶ ملی گرام

طبعی ضغط الدم (بلڈ پریشر)

انبساطی ضغط الدم Diastolic

انقباضی ضغط الدم Systolic

عمر سالوں میں	کم سے کم	زیادہ سے زیادہ	کم سے کم	زیادہ سے زیادہ
۱۵_۱۹	۱۰۵	۱۲۰	۷۳	۸۱
۲۰_۲۴	۱۰۸	۱۳۲	۷۵	۸۳
۲۵_۲۹	۱۰۹	۱۳۸	۷۶	۸۴
۳۰_۳۴	۱۱۰	۱۳۴	۷۷	۸۵
۳۵_۳۹	۱۱۰	۱۳۵	۷۸	۸۶
۴۰_۴۴	۱۱۲	۱۳۷	۷۹	۸۷
۴۵_۴۹	۱۱۵	۱۳۹	۸۰	۸۸
۵۰_۵۴	۱۱۶	۱۴۲	۸۱	۸۹
۵۵_۵۹	۱۱۸	۱۴۴	۸۲	۹۰
۶۰_۶۴	۱۳۱	۱۴۷	۸۳	۹۱

احشاء بدن کی ضروری گنجائش

زائدہ دوریہ (Appendix) لمبائی 3.5 تا "4

قطر ۴/۱"

وزن 0.25 تا 0.5 اونس 7.08 تا 14.17 گرام

مثانہ : تقریباً ۱۶ اونس پیشاب کی گنجائش

وزن 1 تا 2 اونس 28.34 تا 56.69 گرام

قلب : وزن (عورتوں میں) 8.8 تا 9.8 اونس

249.47 تا 277.82 گرام

وزن (مردوں میں) 9.5 تا 12.7 اونس

269.32 تا 360.03 گرام

لمبائی: 4.5 تا "5.5

چوڑائی: "3 تا "4

امعاء (آنتیں) : چھوٹی آنت: لمبائی "22.5

بڑی آنت: لمبائی 70.9 تا "76.8

اثنا عشری: لمبائی "10.2 تا "11.2

کلیتین (گردے) : بایاں گردہ: وزن: 5.3 اونس 150.25 گرام (لمبائی زیادہ)

دایاں گردہ: وزن: 15 اونس 150 گرام (چوڑائی میں زیادہ)

کبد (جگر) : وزن:50 تا 60 اونس 1417.47 تا 1700.97 گرام

رئتین (پھیپھڑے): وزن:36 تا 45 اونس 1020.58 تا 10275.72 گرام

دایاں پھیپھڑہ (مرد میں) 24 اونس 680.39 گرام

(عورت میں) 17 اونس 481.94 گرام

بایاں پھیپھڑہ (مرد میں) 21 اونس 595.33 گرام

(عورت میں) 14.8 اونس 419.57 گرام۔

لمبائی: 10" تا 12"

دائیں پھیپھڑہ بائیں پھیپھڑے کے مقابلہ میں

چھوٹا، چوڑا اور موٹا ہوتا ہے

غدہ مذی : وزن 0.8 اونس 22.68 گرام

لمبائی: 1.25" تا 1.5"

چوڑائی: 1.5" تا 1.75"

دبازت: 1"

مبیض : ہر اک کا وزن 0.12 اونس تا 0.25 اونس

3.4 تا 7.08 گرام

لمبائی: 1.5"

چوڑائی: 0.75"

دبازت: 0.5"

طحال : وزن: 5.5 تا 6.9 اونس 155.92 تا 195.61 گرام

لمبائی: "4 تا "5

چوڑائی: "3

دبازت: "1 تا "1.5

معدہ : وزن 4.5 تا 6.2 اونس 127.57 تا 175.76 گرام

خصتیتین : ہراک کاوزن: 0.68 تا 0.8 اونس 19.28 تا 22.67 گرام

لمبائی: "1.5

چوڑائی: "1

دبازت: "0.8

رحم : لمبائی: "2.8

چوڑائی: "1.6

دبازت: "1

وزن: 1.4 تا 1.8 اونس 39.69 تا 51.03 گرام

ہبل : لمبائی: "3 تا "3.5

حابعین : لمبائی: "11.2 تا "12


قطر: "0.1

مجرائے بول : (مردانہ) لمبائی "6.4 تا "8.25

(زنانہ) لمبائی: "1.5

قطر: "0.25 تا "0.4

تشخیص خاکہ (مردانہ)



(الف) عصبی درد، گٹھیادر، ذات الجنب

(ب) فقرالدم، امراض قلب، وجع القلب، بدہضمی

(پ) ذات الجنب، ذات الریہ، عضلاتی درد

(ت) بدہضمی، زخم معدی، ورم معدی، عظم الطحال، ورم قولون، حصاۃ الکلیہ


(ٹ) ورم زائدہ دوریہ، ورم قولون، ورم باریطون، ورم معدہ، ورم امعاء، سدامعاء

(ث) ورم زائدہ دوریہ

(ج) وجع الکلیہ، فتق

(ح) نقرس

تشخیص خاکہ (زنانہ)



(الف) کن پھیڑ، وجع اسنان، عصبی درد، ورم لوزتین، ورم حلق، ورم حنجرہ (ب) ورم ثدی، سلعہ ثدی، سرطان ثدی حمل کی وجہ سے تبدیلی (پ) بدہضمی، امراض معدہ وجوالقلب، انفلوئنزا (ت) ذات الجنب، ذات الریہ، عصبی و عضلاتی درد (ٹ) گٹھیا، عصبی درد، وجع القلب (ث) بدہضمی و امراض معدہ، قروح اثنا عشری، امراض بانقراس (ح) امراض الکبد، حصاۃ المرارہ، ذات الجنب، ذات الریہ (چ) قرح معدی، فتق (ج) ورم زائدہ دوریہ، ورم قولون، امراض حیض (د) مثانہ کی بیماری، رحم قاذفین، ورم عانہ (ڈ) حیض ورحم کی بیماری، رحم قاذقین (ذ) حیض اعانہ کی بیماری (ر) عظمی بیماریاں عصبی درد وغیرہ

دماغ اور اعصاب کی بیماریاں

(دردسر، آدھا سیسی کا درد)

اطریفل کشنیزی: دماغ اور معدہ کو قوت دیتا ہے قبض کو دور کرتا ہے اس کے لگاتار کھانے سے دائمی نزلہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا ہے، نزلہ سے پیدا ہونے والی تمام بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔ مثلاً دردسر، سر چکرانا اور آنکھوں کی سرخی ناک اور کان کا درد وغیرہ۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

اطریفل سنائی: پرانے دردسر، آدھا سیسی کا درد، دوران سر میں استعمال کیا جاتا ہے اور قبض کو بھی دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ رگرام سے ۱۰ رگرام تک

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ یا پانی سے کھائیں۔

اطریفل زمانی: نزلہ وزکام، دردسر، دوران سر، آدھی سیسی کا درد، قولنج، مالیخولیا میں مفید ہے، قبض کو دور کر کے آنتوں کو فضلات سے پاک کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ یا پانی سے کھائیں۔

اطریفل ملین: ۔ آنتوں کے خراب فضلات کو با آسانی رفع کرتا ہے۔ قبض کو دور

کتا ہے۔ اور آنتوں کو قوت دیتا ہے۔ درد سر کو آرام پہنچاتا ہے۔ یہ اطریفل پیٹ کے درد اور دماغی بخارات میں خاص طور سے مفید ہے۔

طریقہ استعمال : ۵ر سے ۱۰رگرام تک نیم گرم پانی کے ساتھ رات کو سوتے وقت لیں۔

روغن بنفشہ: دماغ کی خشکی کو دور کرتا ہے نیند لاتا ہے اور درد سر کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: سر پر مالش کریں اور پیشانی پر بھی لگائیں۔

جوارش شہنشاہی عنبری بہ نسخہ خاص : ۔ دل و دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ قبض و تبخیر کو رفع کرتی ہے۔

خوراک :۔ ۵رگرام صبح سویرے نہار منہ کھائیں۔

روغن گل: ۔ گرمی سے پیدا ہونے والے سر درد کو دور کرتا ہے۔ اور سرسام میں مفید ہے۔

طریقہ استعمال: ۔ سرسام کے شروع میں روغن گل، عرق گلاب اور سرکہ خالص ملا کر کپڑے یا روئی کی مدد سے بار بار سر پر لگائیں سر درد میں سر اور پیشانی پر لگائیں۔

معجون سناء : ۔ درد سر کی پیشتر قسموں میں مفید ہے۔

خوراک:۔ صبح کو ایک گرام سے تین گرام تک عرقِ بادیان ۶۰ر ملی لیٹر یا پانی سے لیں۔

ضعف دماغ

خمیرہ نقرہ: دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے، فرحت بخش ہے ضعف اعصاب اور ضعف باہ کو بھی دور کرتا ہے۔ سر درد، نزلہ زکام سننے اور سونگھنے کی قوت بحالی کے لئے مفید ہے۔ حافظہ اور بینائی کو تیز کرتا ہے۔ اور عام جسمانی کمزوریوں کو رفع کرتا ہے:

مقدار خوراک: ۵ رگرام

طریقۂ استعمال: صبح میں نہار منہ ۲۵۰ رلیٹر دودھ کے لیں۔

معجون اسطوخودوس: دماغی امراض کے لئے بے حد مفید ہے۔ نزلہ، زکام، کھانسی، قبض یہ بیماریاں دماغ پر اثر انداز ہوتی ہیں یہ دوا ان سب کے لئے بے حد مفید ہے بلغمی اور سوداوی امراض میں دماغ کا بہترین تنقیہ بھی کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ اگرام یا چائے کا ایک چمچہ

طریقۂ استعمال: عرق گاؤزبان یا پانی کے ہمراہ صبح یا رات میں لیں۔

اطریفل مقوی دماغ: دماغ کو طاقت بخشتا ہے آنکھوں کی روشنی کو قائم رکھتا ہے دائمی نزلہ اور دردسر میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ ارگرام

طریقۂ استعمال: رات کو سوتے وقت یا صبح میں دودھ یا پانی کے ساتھ لیں۔

اطریفل کبیر: دماغ اور معدے کو طاقت دیتی ہے، نزلہ کو دور کرتا ہے، قوت باہ کو بڑھاتا ہے، بواسیر میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ رگرام سے ۱۰ ارگرام تک (عمر کے مطابق)

طریقۂ استعمال: صبح نہار منہ یا رات کو سوتے وقت ۲۵۰ رملی لیٹر دودھ سے کھائیں

خمیرہ گاؤزبان سادہ: دماغ کو طاقت دیتا ہے، دل کے تقویت کے لئے بھی مفید ہے، خفقان اور مالیخولیا کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰رگرام

طریقۂ استعمال: صبح نہار منہ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر یا دودھ کے ساتھ لیں۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری: دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے دل کی گھبراہٹ اور خیالات کی پریشانی کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں کو طاقت دیتا ہے اور ذہن وحافظہ کو بڑھاتا ہے اس کا روزانہ استعمال دماغی کام کرنے والوں کے لئے مفید ہے۔

مقدار خوارک: ۵رگرام سے ۱۰رگرام تک۔

طریقۂ استعمال: صبح نہار منہ یا بوقت ضرورت کھائیں۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا: اوپر لکھے ہوئے خمیرہ کے مقابلے میں زیادہ طاقت ور اور قوی الاثر ہے دل و دماغ کو قوت دینے اور فرحت بخشنے کے لئے نہایت مفید ہے۔ دماغی کمزوری کو دور کرتا ہے اور ذہن و حافظہ کو بڑھاتا ہے عام جسمانی کمزوری کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔

مقدار خوراک : ۵رگرام

طریقۂ استعمال: صبح سویرے نہار منہ یا بوقت ضرورت کھائیں۔

عرق شباب: ۔ اعصاب کو قوت دیتا ہے۔ اعضائے رئیسہ یعنی دل و دماغ کی کمزوری زائل کر کے ان کو تقویت دیتا ہے۔ خون کی افزائش کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔

مقدار خوراک: ۲۰ سے ۴۰ ملی لیٹر

طریقۂ استعمال: صبح لبوب جواہر ۵ گرام کے ہمراہ کھائیں۔

نسیان (بھول)

شربت اسطوخودوس: نسیان اور اختلاج میں مفید ہے۔ بلغمی اور سوداوی مادوں کو آسانی سے نکالتا ہے۔

مقدار خوراک: ۴۰ ملی لیٹر

طریقہء استعمال: عرق گاؤزبان ۱۴۰ م ل میں ملا کر معالج کے مشورہ کے مطابق لیں۔

معجون نسیاں:۔ مقوی دماغ ونسیان کے لئے مفید ہے۔

طریقہ استعمال:۔ ۵ گرام صبح پانی سے استعمال کریں۔

معجون اسطوخودوس:۔ دماغی امراض کے ئے بیحد مفید ہے۔ نزلہ زکام کھانسی (خصوصاً) بلغمی اور سر درد دور کرتی ہے۔ دائمی نزلہ کے مریض اس کے مسلسل استعمال سے آرام پاتے ہیں۔ اس میں شامل کئے گئے اجزاء قبض دور کر کے خراب مادّہ خارج کرتے ہیں۔ معجون اسطوخودوس کے متواتر استعمال سے بالوں کی سیاہی قائم رہتی ہے۔ اور بال قبل از وقت سفید ہونے سے محفوظ رہتے ہیں۔ بلغمی اور سوداوی امراض میں دماغ کا بہترین تنقیہ کرتی ہے۔

خوراک:۔ ۱۰ گرام یا چائے کا ایک چمچہ بھر معجون عرق گاؤزباں یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

مرگی (صرع)

معجون زبیب: مرگی کے لئے مفید ہے، قبض کو دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقۂ استعمال: صبح یا رات میں لیں۔

خمیرہ گاؤزبان جدوار عود صلیب والا: مرگی کے مریضوں کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ بچوں کی مرگی (ام الصبیان) اور مستورات کے مرض اختناق الرحم میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ رگرام

طریقۂ استعمال: صبح کو نہار منہ یا معالج کے مشورہ سے کسی چیز میں ملا کر لیں۔

حب صرع : ۔ مرگی کے لئے مفید ہے دیگر دماغی امراض میں بھی کارآمد ہے۔

طریقۂ استعمال :۔ دو گولی صبح و شام بڑوں کے لئے اور بچوں کو ایک گولی صبح و شام

فالج ولقوہ اور رعشہ

حب اذاراقی : آعصاب کو طاقت دیتی ہے۔ فالج ولقوہ اور گٹھیا وغیرہ نیز بلغمی امراض میں بے مفید ہے۔

مقدار خوراک: ا سے ۲ گولی (عمر کے مطابق)

طریقۂ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت لیں۔

معجون اذاراقی : فالج ولقوہ، رعشہ اور گٹھیا نیز دوسرے عصبی و بلغمی امراض میں مفید بھی ہے، پٹھوں کو طاقت دینے کے لئے بہت بہترین دوا ہے۔ سردیوں کے موسم میں بوڑھے آدمیوں کو اس کا استعمال سردی کے نقصان سے محفوظ رکھتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳ گرام

طریقہء استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت لیں۔

معجون جوگراج گوگل: فالج ولقوہ، رعشہ اور گھٹیا وغیرہ نیز عصبی و بلغمی امراض میں بھی مفید ہے۔

مقدا خوراک: ۵ گرام

طریقہء استعمال: رات کو سوتے وقت ۲۵۰ م ل دودھ کے ساتھ لیں۔

معجون سیر علوی خاں: فالج ولقوہ، رعشہ، نقرس، عرق النساء اور گٹھیا وغیرہ نیز عصبی اور بلغمی امراض میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہء استعمال: صبح یا رات کو سوتے وقت لیں۔

روغن سرخ: گٹھیا فالج ولقوہ، عرق النسیاء نقرس اور درد کمر کے لئے مفید ہے، چوٹ کا درد بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

طریقہ استعمال: نیم گرم کی مالش کر کے اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔

عرق شباب:۔ موسمِ سرما کا بے نظیر ٹانک جو عام جسمانی طاقت بحال کرتا ہے۔ جس کا ہر قطرہ شباب اور شادمانی کا ضامن ہے۔
اعضاب کو قوت دیتا ہے۔ اعضاء رئیسہ یعنی دل و دماغ کی کمزوری زائل کر کے اس کو تقویت دیتا ہے۔ خون کی پیداوار بڑھاتا ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔

کمر کا درد رفع کرتا ہے۔ گردہ، مثانہ کو تقویت دیتا ہے۔ جوڑوں کے درد کے لئے بے حد مفید ہے۔ خون کی روانی بڑھاتا ہے۔ بدن کو چست کرتا ہے۔

طریقہ استعمال:۔ ۲۰ / سے ۴۰ / ملی لیٹر تک شربت انار شیریں میں ملا کر پئیں۔ لبوب جواہر کے ہمراہ اس کا استعمال نہایت مفید ہے۔

معجون لنا:۔ فالج، لقوہ، رعشہ اور دیگر ٹھنڈے اور بلغمی امراض کو دور کرتی ہے۔ بوڑھے آدمیوں کو سردی کے نقصان سے محفوظ رکھتی ہے اور نسیان کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

خوراک:۔ تین گرام سے پانچ گرام تک عرق بادیان کے ہمراہ کھائیں۔ آتشک میں عرق عشبہ کے ساتھ کھائیں۔

دل کی بیماریاں

ضعف قلب: اختلاج قلب

معجون قلب: اعضائے رئیسہ یعنی دل و دماغ کے لئے مفید ہے یہ معجون ان لوگوں کے لئے باعث تسکین ہے جو دل کی گھبراہٹ کی وجہ سے مختلف دماغی امراض مثلاً جنون اور مالیخولیا وغیرہ کے شکار ہو جاتے ہیں، دماغی ضعف کی حالت میں یہ بہت مفید ہے۔ معمولی دماغی محنت ادنیٰ تحریکات حتیٰ کہ معمولی شوروغل سے سر میں درد ہونے لگتا ہے ان حالات میں معجون قلب نہایت بھروسہ مند چیز ہے۔ مقوی باہ ہے۔ مثانہ اور معدہ کو بھی طاقت دیتا ہے۔ ریاح تحلیل کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ / گرام یا آدھا چمچہ چائے کا۔

طریقہ استعمال: صبح نہار منہ دودھ کے ہمراہ لیں۔

لبوب جواہر: موسم سرما میں دل ودماغ اور اعصاب رگ و پٹھوں کو قوت دیتا ہے دل کی حرکات اور اس کے افعال میں باقاعدگی پیدا کر کے اختلاج قلب کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ سر چکرانا، آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جانا، کام میں دل نہ لگنا، چہرہ پھیکا پڑ جانا، مزاج میں چڑچڑاپن پیدا ہو جانا کمزوری کی علامات ہیں۔ ایسی حالت میں لبوب جواہر کا استعمال بے حد مفید ہے۔ جو عام جسمانی کمزوری سے نجات دلا کر جسم میں تازہ اور صالح خون کی پیداوار بڑھاتا ہے۔ چہرے کو بارونق بناتا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ: ضغط الدم قوی یعنی بی پی بڑھے ہوئے مریضوں کو استعمال میں احتیاط کرنی چاہئے۔

مقدار خوراک: ۵رگرام

طریقہ استعمال: ۔صبح عرق شباب یا دودھ کے ہمراہ لیں۔

خمیرہ نقرہ: ۔ دل ودماغ کو قوت دیتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو فوراً دور کرتا ہے۔ دماغی کمزوری کی وجہ سے سر میں درد، نزلہ، زکام رہتا ہو، سونگھنے اور سننے کی قوتوں میں خرابی پیدا ہو گئی ہو تو اُس کا متواتر استعمال ان بیماریوں سے نجات دلاتا ہے۔ حافظہ اور بینائی کو تیز کرتا ہے۔ موتی جھارہ اور عام جسمانی کمزوریوں میں اس کا استعمال مفید ہے۔ فالج اور مرگی جیسی خطرناک بیماریوں کے لئے بھی اکسیر ہے۔

طریقہ استعمال: ۔ بچے ۳رگرام اور بڑے ۵رگرام خمیرہ نقرہ پانی یا دودھ کے ساتھ لیں۔

جوارش آملہ سادہ: ضعف قلب اور اختلاج قلب میں مفید ہے۔ دل و دماغ اور معدے کو طاقت دیتا ہے۔ تبخیر کو روکتا ہے اور دستوں کو بند کرتا ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۱۰ رگرام

طریقہ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد معالج کے مشورے سے لیں

جوارش آملہ عنبری بہ نسخہ کلاں: دل کی کمزوری اور دل کی دھڑکن کو بہت جلد دور کرتا ہے جوارش آملہ سادہ کے مقابلے میں زیادہ قوی الاثر ہے۔ اور بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵رگرام سے ۱۰ اگرام تک

طریقۂ استعمال: معالج کے مشورے سے لیں۔

جوارش شاہی: معدہ، دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے تبخیر اور خفقان کو دور کرتا ہے دل کو فرحت بخشتا ہے، سوداوی امراض میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵رگرام سے ۱۰ رگرام تک

طریقۂ استعمال: صبح نہار منہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

جواہر مہرہ: اعصاب دل و دماغ اور تمام اعضاء رئیسہ کو قوت پہونچاتا ہے۔ دل کو طاقت دینے اور حرارت عزیزی کو بڑھانے میں معاون ہے۔ قوت حافظہ غشی اور دل کی حرکت بند ہونے لگے تو ۴ چاول عرق بید مشک یا عرق گلاب میں گھول کر دیا جائے۔

مقدار خوراک: ۶۰؍گرام یا ایک قرص

طریقۂ استعمال: دوالمسک معتدل جواہر والی یا عرق بید مشک میں ملا کر لیں۔

خمیرہ آبریشم سادہ: دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں کی بینائی کو بڑھاتا ہے دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵؍گرام سے ۱۰؍گرام تک

طریقۂ استعمال: صبح نہار منہ کھائیں۔

خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا: دل کی کمزوری، دھڑکن، گھبراہٹ کو دور کرتا ہے، قوت حافظہ اور قوت بینائی کو بڑھاتا ہے۔ خشک کھانسی کے لئے بہترین دوا ہے۔

مقدار خوراک: ۵؍گرام

طریقۂ استعمال: صبح نہار منہ کھائیں۔

خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا: دل کی کمزوری کے لئے بہترین دوا ہے۔ دل کی دھڑکن گھبراہٹ، خیالات کی پریشانی کو بہت جلد دور کرتا ہے۔ بیماریوں کے بعد کی جسمانی کمزوری کو بھی دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۵؍گرام تک

طریقۂ استعمال: صبح نہار منہ دودھ ۲۵۰ م ل کے ساتھ لیں۔

خمیرہ آبریشم عود مصطگی والا: دل و دماغ اور معدے کو طاقت دیتا ہے۔

مالیخولیا اور وحشت کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳ گرام سے ۵ رگرام تک

طریقۂ استعمال: صبح سویرے عرق گاؤزباں کے ساتھ کھائیں۔

خمیرہ صندل سادہ: دل کی دھڑکن، خفقان اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔ نیز جلد کو نکھارتا ہے۔ پھوڑے پھنسیوں میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ رگرام

طریقۂ استعمال: صبح سویرے تازہ پانی سے لیں۔

خمیرہ مروارید: ضعف قلب، اختلاج، عام کمزوری اور حرارت عزیزی کے لئے بے حد مفید ہے۔ موتی جھرہ، خسرہ، چیچک جیسی بیماریوں میں دل اور حرارت عزیزی کی حفاظت کرتا ہے۔ عورتوں کے سیلان الرحم میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۳ رگرام سے ۵ رگرام

طریقۂ استعمال: صبح وشام عرق گاؤزبان یا تازہ پانی سے لیں۔

خمیرہ مروارید بہ نسخہ کلاں: خمیرہ مروارید زیادہ فائدہ رکھتا ہے اور فوری اثر دکھاتا ہے۔ دل ودماغ کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو بہت جلد دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳ رگرام ۵ رگرام تک

طریقۂ استعمال: صبح وشام شربت عناب ۲۰ م ل کے ساتھ لیں۔۔

دواءالمسک معتدل سادہ: عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے اور مقوی قلب ہے۔

مقدار خوراک: ۵؍گرام

طریقۂ استعمال: صبح وشام تازہ پانی سے لیں۔

دواء المسک معتدل جواہر والی: دماغ اور اعصاب کو توانائی فراہم کرتا ہے۔ دل کی گھبراہٹ اور دھڑکن میں مفید ہے۔ خون کی پیدائش کو بڑھاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۳؍گرام سے ۵؍گرام

طریقہ استعمال: صبح وشام دونوں وقت خلومعدہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

دواء المسک معتدل: خفقان، گھبراہٹ، مالیخولیا، معدہ، جگر اور ضعف ہضم میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۷؍گرام

طریقۂ استعمال: صبح وشام تازہ پانی سے کھائیں۔

خمیرہ نقرہ: دل ودماغ کو قوت دیتا ہے، دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو فوراً دور کرتا ہے۔ حافظہ اور بینائی کو تیز کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳؍گرام سے ۵؍گرام

طریقۂ استعمال: صبح وشام پانی سے کھائیں۔

شربت آملہ: آملہ کے افعال وخواص علاجی افادیت دیسی طبوں میں صدیوں سے محفوظ

ہیں صدر دواخانہ نے آملہ پر برسوں کی ریسرچ کے بعد تازہ آملوں کا بہترین شربت تیار کیا ہے۔
دل و دماغ اور حافظہ کو طاقت دیتا ہے۔ معدہ جگر کی بڑھی ہوئی گرمی اور صفراء کو اعتدال پر لاتا ہے' گھبراہٹ اور پیاس کو دور کرتا ہے اور گرمی کے دستوں کو روکنے میں مدد دیتا ہے۔
مقدار خوراک: ۲ چمچے (۳۰ م ل)
طریقہ استعمال: پانچ سال تک کے بچوں کو چوتھائی خوراک' بڑے بچوں کو آدھی خوراک صبح شام دی جائے۔

شربت انار ترش: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے معدے کو قوت دیتا اور بھوک لگاتا ہے۔ صفراوی دستوں متلی اور قے کو روکتا ہے۔ صفراوی بخاروں میں استعمال کیا جاتا ہے۔
مقدار خوراک: ۲ چمچے (۳۰ م ل)
طریقہ استعمال: کسی عرق یا تازہ پانی میں ملا کر لیں۔

شربت انار شیریں: دل اور جگر کو طاقت دیتا ہے دل کو فرحت بخشتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔
مقدار خوراک: ۲ چمچے (۳۰ ملی لیٹر)
طریقہ استعمال: پانی میں ملا کر پئیں۔

شربت انگور شیریں: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے کسی قدر ملین کی تاثیر رکھتا ہے۔
مقدار خوراک: ۳ چمچے (۴۵ م ل)
طریقہ استعمال: پانی میں ملا کر لیں

شربت انگور ترش: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے صفراء کے جوش کو گھٹاتا اور خون کی حدت کو کم کرتا ہے معدے اور جگر کی گرمی کو تسکین دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳ چمچے (۴۵ م ل)

طریقۂ استعمال: پانی میں ملا کر پیئیں۔

شربت صندل: گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ جگر اور معدے کی گرمی کو تسکین دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ م ل

طریقۂ استعمال: تازہ پانی میں ملا کر پیئیں۔

شربت کیوڑہ: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے دل کی گھبراہٹ اور دھڑکن کو دور کرتا ہے پیاس کو بجھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۴۰ م ل

طریقۂ استعمال: ٹھنڈے پانی میں ملا کر پیئیں۔

عرق الائچی: مقوی قلب و مفرح ہے معدے کو طاقت دیتا ہے متلی اور قے کو بھی روکتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ چمچے (۳۰ م ل)

طریقہ استعمال: صبح و شام لیموں یا کسی شربت میں ملا کر پیئیں۔

عرق بید مشک: دل کو طاقت اور فرحت بخشتا ہے دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳ چمچے (۴۵ م ل)

طریقہ استعمال: شربت کیوڑہ ۲۰ م ل میں ملا کر پیئیں۔

عرق گاؤزبان: دل کوقوت وفرحت بخشتا ہے دماغی بیماریوں میں مفید ہے پیاس کو بجھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ م ل

طریقۂ استعمال: شربت کیوڑہ میں ملا کر پیئیں۔

عرق گزرسادہ: دل ودماغ کوقوت دیتا ہے اور جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ م ل

طریقہ استعمال: شربت صندل میں ملا کر پیئیں۔

عرق گلاب: دل ودماغ کو قوت بخشتا ہے۔ معدہ اور جگر کی بیماریوں میں مفید ہے غشی کی حالت میں بے حد مفید ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ دور کرنے کے لئے بھی مجرب ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ م ل

طریقہ استعمال: شربت دل افزاء ۲۵ م ل میں ملا کر یا تازہ پانی سے پیئیں۔

کشتہ مروارید: دل کوقوت وفرحت بخشتا ہے' گھبراہٹ اور پریشانی کو دور کرتا ہے۔ مردوں کے جریان اور عورتوں کے سیلان الرحم میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقۂ استعمال: خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا میں ملا کر صبح وشام کھائیں۔

معجون مفرح بارد: دل کوفرحت دیتا ہے۔ خفقان اور اختلاج میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام

طریقۂ استعمال: یہ مفرح صبح وشام تازہ پانی سے لیں۔

مفرح یاقوتی بارد: دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو زائل کر کے دل کو قوت بخشتا ہے یہ اعلیٰ درجہ کا مفرح ہے۔ دماغ اور جگر کو بھی طاقت دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقۂ استعمال: صبح یا دوپہر کو کھا کر اوپر دودھ کا استعمال کریں۔

معجون نجاح:۔ سوداوی امراض کے لئے مفید ہے۔

خوراک:۔ ۷ر سے ۱۰ر گرام تک صبح پانی سے لیں۔

مفرح بارد:۔ دل کو قوت دیتی ہے۔ خفقان اور اختلاج کو زائل کر کے حرارت کو تسکین دیتی ہے۔

خوراک:۔ صبح کو ۵ر سے ۷ر گرام ہمراہ عرق مناسبہ کے ساتھ لیں۔

مفرح بارد جواہر والی:۔ دل وجگر کی بڑھتی گرمی کو دور کرتی ہے۔

خوراک:۔ ۵ر گرام صبح یا دوپہر کھانے کے بعد کھائیں۔

مفرح سوسنبری:۔ مفرح اور قوی قلب ہے۔ ضعف اور نقاہت کو دور کرتی ہے جو مقابلہ امراض، اسہال یا سموم کے بعد پیدا ہو جاتی ہے، قوی باہ ہے۔ خفقان رعشہ، استسقاء، یرقان، بد ہضمی نقرس اور جوڑوں کے درد کو دور کرتی ہے ہر مزاج ہر موسم میں اس کا استعمال جائز ہے۔

خوراک:۔ ۱۰ر گرام صبح کو پانی کے ہمراہ کھائیں۔

مفرح یاقوتی معتدل:۔ جگرو دماغ کی کمزوری اور رحم کی کمزوری کے واسطے مفید ہے۔
خوراک:۔ ۵ر گرام صبح کے وقت عرق گاؤں زبان ۱۰ ر گرام کے ساتھ کھائیں۔
شربت مویز:۔ دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔ رنگت نکھارتا ہے۔ قوت باہ بڑھاتا ہے مقوی بدن ہے۔
خوراک:۔ دو سے چار گرم تک غذا کے بعد پیئیں۔
شربت نیلوفلر:۔ دل کو تقویت دیتا ہے صفراء کی تیزی کو توڑتا ہے۔ پیاس کو تسکین بخشتا ہے۔
خوراک:۔ ۲۰ ر سے ۴۰ ر ملی لیٹر شربت عرق گلاب یا پانی کے ساتھ لیں۔
شربت گڑھل:۔ مفرح و مقوی قلب، مسکن، حرارت، خفقان اور مالیخولیا میں مفید ہے۔
خوراک:۔ ۲۰ ر سے ۴۰ ر ملی لیٹر ہلکے گرم پانی یا مناسب عرق سے استعمال کریں۔
شربت دل افزا:۔ موسم گرما کا پر لطف مشروب جس کا ایک گھونٹ حلق سے اترتے ہی پیاس کی شدت کو تسکین بخشتا ہے۔ دل و دماغ اور جسم میں تازگی اور ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔ لو سے بچاتا ہے۔ اس کا انوکھا ذائقہ ہندوستان کے ہر کونے میں بے حد پسند کیا جاتا ہے۔ شربت دل افزا کا ایک گلاس دن بھر کی تھکن دور کرنے کے لئے کافی ہے۔
خوراک:۔ ۴۰ ملی لیٹر شربت دودھ یا پانی کے ساتھ لیں۔

دانتوں اور مسوڑوں کی بیماریاں

پائریا، دانت کا درد

صدر منجن: ایسے اجزاء سے تیار کیا گیا ہے جو دانتوں کے زہریلے مادے کو خارج

کرتا ہے اور پائریا میں مسوڑھوں کو پیپ سے پاک صاف کرتا ہے نیز مزید پیپ پڑنے سے محفوظ رکھتا ہے۔ داڑھ و دانت کا درد اس کے لگانے سے ساکن ہو جاتا ہے مسوڑھوں کی سوجن کو تحلیل کرتا ہے' دانتوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔ دانتوں کو صاف کرتا اور اسے چمکاتا ہے **صدر منجن** دانتوں کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔

طریقۂ استعمال: صبح و شام دانتوں پر ملیں اور ۲۰ منٹ بعد تازہ پانی سے کلی کریں۔

ناک کی بیماریاں

ناک کی بدبو: اطریفل شاہترہ' اطریفل زمانی' اطریفل اسطوخودوس ناک کی بدبو میں مفید ہے۔

طریقۂ استعمال: دردسر میں لکھے جا چکے ہیں۔

ناک کے کیڑے

اطریفل شاہترہ: ناک کے کیڑے پیدا ہو جانے کی حالت میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام

طریقہ استعمال: رات میں سوتے وقت نیم گرم پانی سے لیں۔

شربت خانہ ساز: ناک میں کیڑے پیدا ہونے' بدبو ہونے اور خون میں خرابی پیدا ہونے کی حالت میں بے حد مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ م ل

طریقۂ استعمال: صبح وشام تازہ پانی سے لیں۔

نزلہ وزکام

شربت اکسیر سعال:۔ نزلہ، زکام، خشک اور بلغمی کھانسی کے لئے کامیاب اور جلد اثر کرنے والی دوا ہے۔ بگڑے ہوئے نزلہ کو درست کر کے سینے اور پھیپھڑوں کو نزلہ کے نقصان واثرات سے محفوظ رکھتا ہے۔ سانس پھولنا پھیپھڑوں کی کمزوری اور گلے کی خراش کو دور کرتا ہے۔ اس کی ایک ہی خوراک پھیپھڑوں اور سینے میں جمے بلغم کو اکھیڑنا شروع کر دیتی ہے اور لگاتار کچھ دن استعمال کرنے سے مریض بہت جلد سینے کی تکالیف سے نجات پا جاتا ہے۔

دمہ، نمونیا اور پھیپھڑوں سے خون آنے کی ابتدائی حالت میں یہ دوا بے حد مفید ہوئی۔

طریقہ استعمال:۔ ۱۰ سے ۱۵ ملی لیٹر شربت عرق گاؤزبان یا پانی کے ہمراہ لیں۔

معجون اسطوخودوس:۔ دماغی امراض کے ئے بیحد مفید ہے۔ نزلہ زکام کھانسی (خصوصاً) بلغمی اور سر درد دور کرتی ہے۔ دائمی نزلہ کے مریض اس کے مسلسل استعمال سے آرام پاتے ہیں۔ اس میں شامل کئے گئے اجزاء قبض دور کر کے خراب مادّہ خارج کرتے ہیں۔ معجون اسطوخودوس کے متواتر استعمال سے بالوں کی سیاہی قائم رہتی ہے۔ اور بال قبل از وقت سفید ہونے سے محفوظ رہتے ہیں۔ بلغمی اور سوداوی امراض میں دماغ کا بہترین تنقیہ کرتی ہے۔

طریقہ استعمال: ۱۰ گرام یا چائے کا ایک چمچہ بھر معجون عرق گاؤزباں یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

اطریفل زمانی: نزلہ وزکام میں خصوصیت سے مفید ہے۔ دماغ کو فضلات سے صاف کرتا ہے، قبض کو بھی دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک

طریقۂ استعمال: رات میں سوتے وقت پانی سے لیں۔

اطریفل اسطوخودوس: دائمی نزلہ میں خصوصیت سے مفید ہے اس کا لگاتار استعمال بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتا ہے، دماغ کو تقویت دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام

طریقۂ استعمال: رات میں سوتے وقت پانی سے لیں۔

حب شفا: دائمی نزلہ وزکام، کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقۂ استعمال: صبح وشام پانی سے کھائیں۔

خمیرہ خشخاش: نزلہ وزکام کو روکتا ہے۔ اس کے استعمال سے کھانسی بھی دور ہو جاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقۂ استعمال: صبح یا رات میں کھائیں۔

شربت بنفشہ: نزلہ وزکام، کھانسی اور بخار میں مفید ہے آنکھوں میں درد اور گردے کے درد میں بے حد مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۰ سے ۴۰ م ل

طریقۂ استعمال: کسی مناسب عرق یا پانی سے لیں۔

شربت اکسیر سعال: نزلہ وزکام، کھانسی میں کامیابی کے ساتھ جلد اثر کرنے والی دوا ہے یہ دمہ، نمونیا، پھیپھڑوں سے خون آنے میں بھی بے حد مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۱۵ م ل

طریقۂ استعمال: عرق گاؤزبان یا پانی سے لیں۔

شربت خشخاش: گرم نزلہ اور اس سے پیدا ہونے والی کھانسی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ م ل

طریقۂ استعمال: پانی میں ملا کر یا تنہا پیئیں۔

شربت عناب: کھانسی، نزلہ وزکام اور سینے کے درد میں بے حد مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۰ سے ۴۰ م ل

طریقۂ استعمال: کسی مناسب عرق یا پانی میں ملا کر پیئیں۔

کشتہ بسد: دائمی نزلہ، کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام

طریقۂ استعمال: خمیرہ گاؤزبان میں ملا کر کھائیں۔

کشتہ مرجان سادہ: دل ودماغ کو طاقت دیتا ہے، نزلہ وزکام اور کھانسی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ رملی گرام

طریقۂ استعمال: خمیرہ گاؤزبان میں ملا کر کھائیں۔

لعوق سپستاں: نزلہ وزکام اور کھانسی میں مفید ہے کھانسی کی شدت کو کم کرتا ہے اور سینہ سے بلغم کو صاف کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ اگرام سے ۲۰ گرام

طریقۂ استعمال: صبح سویرے نہار منہ اور رات میں سوتے وقت عرق گاؤزبان ۱۲۵ام ل کے ہمراہ لیں۔

لعوق سپستاں خیار شنبری: ذات الجنب اور شدید کھانسی میں مفید ہے، ورم حلق اور جگر کے ورم کو دور کرتا ہے قبض کو بھی دور کرتا ہے۔ بلغم کو ختم کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ رگرام

طریقۂ استعمال: صبح وشام نیم گرم پانی میں ملا کر پئیں۔

لعوق معتدل: نزلہ وزکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ گرم نزلہ میں رقیق رطوبت کو غلیظ کر کے خارج کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ رگرام

طریقۂ استعمال: دن میں تین مرتبہ صبح دوپہر اور شام میں کھائیں۔

لعوق نزلی: نزلہ وزکام سے پیدا ہونے والی کھانسی کی مشہور دوا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ ر گرام

طریقہ استعمال: دن میں ۳ بار صبح دوپہر اور شام میں کھائیں۔

شربت ارزانی :۔ نزلہ، زکام و کھانسی کے لئے مفید ہے۔ سینے میں جمے بلغم اور رطوبت کو صاف کرتا ہے۔ قبض دور کرتا ہے۔ آنتوں کی خشکی، سوزش اور خراش رفع کرتا ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۲۰ ر سے ۵۰ ر ملی لیٹر عرقِ گاؤزبان یا پانی کے ساتھ لیں۔

شربت اعجاز :۔ خشک کھانسی اور سل و دق کی کھانسی میں مفید ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۲۰ ر سے ۴۰ ر ملی لیٹر پانی یا کسی مناسب عرق کے ساتھ لیں۔

شربت فریاد رس :۔ کھانسی نزلہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۲۰ ر ملی لیٹر پانی کے ساتھ لیں۔

قرص کشتہ مرجان :۔ نزلہ و زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ دل و دماغ کو تقویت دیتی ہیں۔

طریقہ استعمال :۔ دو قرص، خمیرہ گاؤزباں ۱۰ ر گرام میں رکھ کر کھائیں۔

کشتہ بسد :۔ دائمی کھانسی و نزلہ اور دمہ میں مفید ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۶۰ ملی گرام خمیرہ گاؤزباں ۱۰ ر گرام میں رکھ کر کھائیں۔

لعوق بادام :۔ بلغم نکالتا ہے نزلہ و زکام و خشک کھانسی میں مفید ہے اور حلق کی خشکی دور کر کے تراوٹ دیتا ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۵ سے ۱۰ گرام تک لعوق پانی کے ساتھ لیں۔

لعوق خشخاش :۔ نزلہ، کھانسی سل اور نفث الدم کے لئے مفید ہے۔

طریقہ استعمال :۔ تھوڑا سا لعوق دن میں تین چار مرتبہ چاٹتے رہیں۔

حلق کی بیماریاں

درد و ورم حلق

شربت توت سیاہ: حلق کے ورم اور درد کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ م ل

طریقہ استعمال: صبح وشام نیم گرم پانی سے لیں۔

حلق کی پھنسیاں

شربت توت سیاہ لعوق سپستاں خیار شنبری یہ سب دوائیں حلق کی پھنسیوں میں بھی فائدہ کرتی ہیں۔

ورم لوزتین

لعوق سپستاں خیار شنبری، شربت توت سیاہ، شربت اکسیر سعال، قرص صدر یہ سب دوائیں ورم لوزتین میں بھی مفید ہیں۔

سینے کی بیماریاں

خون تھوکنا (نفث الدم)

شربت انجبار: ہر عضو کے جریان خون کو روکنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ م ل

طریقہ استعمال: پانی میں ملا کر پیئیں یا کسی معاون ادویات کے ساتھ لیں۔

کھانسی (سعال)

شربت اکسیر سعال: سینے پر جمے ہوئے بلغم کو نکالتی ہے، پھیپھڑوں کی کمزوری کو دور کرتی ہے اس سے پیدا ہونے والی کھانسی میں مفید ہے۔ سینے سے متعلق تمام تر بیماریوں نزلہ کھانسی، بلغم سانس پھولنا وغیرہ دمہ، نمونیا اور پھیپھڑوں سے خون آنے کی ابتدائی حالت میں بے حد مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۰ م ل

طریقہ استعمال: دن میں تین بار پیئیں

قرص صدر: ہر قسم کی کھانسی میں مفید ہے پھیپھڑوں سے بلغم نکالتی ہے گلے کی خراش کو دور کرتی ہے اور بیٹھتی ہوئی آواز کو کھولتی ہے۔

مقدار خوراک: ۲/۲ ٹکیہ

طریقہ استعمال: دن میں تین بار شربت اکسیر سعال ۲۰ م ل کے ساتھ لیں۔

کشتہ ابرک: کھانسی، دمہ اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام سے ۱۲۵ ملی گرام

طریقۂ استعمال: شہد خالص ۱۰ر گرام میں ملا کر کھائیں۔

لعوق سپستاں خیار شنبری :۔ یہ لعوق ذات الجنب اور کھانسی میں مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۵ سے ۱۰ گرام تک لعوق گرم پانی یا شربت اکسیر سعال کے ساتھ لیں۔

لعوق آب تربوز والا : دمہ، خشک کھانسی اور سل میں مفید ہے۔

مقدار خوراک : ۱۰ر گرام

طریقہ استعمال : دن میں دو بار صبح و شام کھائیں۔

قرص کشتہ زمرد :۔ جگر و دل کی کمزوری اور کھانسی میں مفی د ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو روکتا ہے۔

طریقہ استعمال :۔ دو قرص، جوراش زرعونی عنبری ۵ر گرام کے ساتھ لیں۔

ضیق النفس (دمہ)

شربت زوفا مرکب : ضیق النفس (دمہ) اور کھانسی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک : ۲۵ سے ۵۰ م ل

طریقۂ استعمال : نیم گرم پانی کے ساتھ لیں۔

شربت زوفا سادہ : ضیق النفس اور کھانسی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک : ۲۵ سے ۵۰ م ل

طریقۂ استعمال: نیم گرم پانی سے پیئیں۔

لعوق کتاں: دمہ میں فائدہ دیتا ہے، بلغم کو خارج کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ رگرام

طریقہ استعمال: یہ لعوق دن میں تین بار چاٹیں۔

معجون راح المومنین:۔ دمہ اور خفقان کے لئے مفید ہے۔ باہ کی کمزوری بھی دور کرتی ہے۔

طریقہ استعمال:۔ ۵ رگرام صبح وشام کھائیں۔

امراض معدہ

(ضعف معدہ)

اکسیر معدہ: ضعفِ معدہ، ریاح کا نہ آنا، پیٹ کا درد، بدہضمی، سینے میں جلن، کھٹی ڈکاریں یا گیس وغیرہ جیسی تکالیف سے فوراً چھٹکارا پانے لئے اکسیر معدہ کا ایک چمچہ معدہ کی تمام شکائتیں دور کر کے آپ کو فوراً آرام پہنچاتا ہے۔ قبض دور کرتا ہے۔ بلڈ پریشر کے مریض کے لئے بے حد مفید ہے۔ بادی بواسیر کو بھی دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ رگرام۔

طریقہ استعمال: پانی سے لیں

الحیا تین: درد شکم سے فوراً چھٹکارا دلاتا ہے اور جسم کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ جگر کی کمزوری یا جگر بڑھ جانے کی شکایت میں بے حد مفید ہے۔ الحیا تین کی ایک ہی خوراک جگر کو قوت دیتی ہے۔ غذا کو جلد تحلیل کر کے خون کی پیدائش بڑھاتی ہے۔ چہرے کی زردی دور کرتی ہے۔ ضعفِ معدہ، تلی بڑھ جانا اور جسم کے کسی حصہ میں جمع ہوئے پانی کو دور کرنے کے لئے مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰۔ سے ۲۰ ملی لیٹر

طریقہ استعمال: ۱۰۰؍ملی لیٹر پانی یا عرق مکوہ میں حل کر کے لیں۔

جوارش انارین: گرم مزاجوں کے معدے اور جگر کو قوت دیتی ہے۔ صفراء کی زیادتی کو کم کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے اور حرارت کو تسکین دیتی ہے، متلی اور قے کو روکتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶؍گرام سے ۱۰؍گرام

استعمال: صبح یا ضرورت کے وقت کھائیں۔

جوارش جالینوس: جگر، گردہ و مثانہ کو قوت پہونچاتی ہے۔ معدہ اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے غذا کو ہضم کرتی اور بھوک لگاتی ہے، ریاح کی تولید کو کم اور قبض کو دور کرتی ہے۔ بلغمی کھانسی اور بواسیر میں مفید ہے۔ منہ کی بدبو کو ختم کرتی ہے پیشاب کی زیادتی کو کم کرتی ہے۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے بچاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۴؍گرام سے ۱۰؍گرام

طریقہ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد تازہ پانی سے کھائیں۔

جوراش زنجبیل: معدے کوقوی کرتی ہے۔غذا کوہضم کرتی ہے اور بھوک خوب لگاتی ہے،ریاح کوخارج کرتی ہے۔

مقدار خوراک:۵ گرام سے ۱۰ گرام

طریقۂ استعمال: یہ جوارش دونوں وقت غذا کے بعد تازہ پانی سے لیں۔

جوارش زرعونی سادہ: معدہ، جگر، مثانہ اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک:۱۰ گرام

استعمال: صبح یا رات کو تازہ پانی سے کھائیں۔

جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں: گردہ، مثانہ، معدہ جگر اور دماغ کو طاقت دیتی ہے اور ریڑھ کو مضبوط بناتی ہے، پیشاب کی زیادتی کو کم کرتی ہے اور بلغمی کھانسی کو ختم کرتی ہے۔ضعف باہ میں مفید ہے اور مادہ تولید کی پیدائش کو بڑھاتی ہے۔ نقرس اور ریاح کو دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک:۵رگرام

طریقۂ استعمال: یہ جوارش قرص کشتہ زمرد یا قرص کشتہ فولاد اٹکیہ میں ملا کر دونوں وقت تازہ پانی سے کھائیں۔

جوراش مصطگی سادہ: معدہ جگر اور آنتوں کو قوت پہونچاتی ہے۔معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے دست آرہے ہوں تو اسے روکتی ہے منہ سے رال بہنے کو بند کرتی ہے۔بدن کو چست اور دماغ کے فاسد خیالات کو ختم کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام سے ۱۰ر گرام

طریقۂ استعمال: صبح و شام غذا کے بعد کھائیں۔

جوراش عود شیریں: غذا کو ہضم کرتی اور بھوک لگاتی ہے۔ معدہ کو تقویت بخشتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام

طریقۂ استعمال: دونوں وقت غذا کے بعد تازہ پانی سے کھائیں۔

جوارش عود ترش: صفراویت کی زیادتی کو کم کرتی ہے غذا کو ہضم کرتی ہے۔

معدے کو قوت دیتی اور بھوک خوب لگاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام

طریقۂ استعمال: بعد غذا دونوں وقت تازہ پانی سے کھائیں۔

معجون نانخواہ: غذا کو ہضم کرتی اور بھوک لگاتی ہے معدے کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام

طریقۂ استعمال: بعد غذا دونوں وقت تازہ پانی سے کھائیں۔

نوشدارو سادہ: معدے اور آنتوں کی کمزوری سے جو دست آجاتے ہیں اسے دور کرتی ہے۔ معدے اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام

طریقۂ استعمال: صبح کو نہار منہ کھائیں۔

نوشدارو لولوی: دل کی دھڑکن، گھبراہٹ کو دور کرتی ہے دستوں کو روکتی ہے۔

دل کو قوت و فرحت بخشتی ہے معدہ جگر اور آنتوں کو قوت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام

طریقۂ استعمال: صبح خالی پیٹ یا رات میں غذا کے دو گھنٹہ بعد تازہ پانی سے کھائیں۔

عرق اجوائن: معدہ کو طاقت دیتا ہے، ضعف ہضم میں بھوک لگاتا ہے اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔ بلغمی بخاروں میں فائدہ دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳۰ر م ل ۵۰ ملی لیٹر

طریقۂ استعمال: یہ عرق وصبح شام پئیں۔

عرق بادیان: جگر معدہ، آنتوں اور مثانہ کی بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ معدے کو طاقت دیتا ہے اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔

مقدار خورک: ۶۰ م ل سے ۱۲۰ م ل

طریقۂ استعمال: صبح وشام پئیں۔

عرق پودینہ: ریاح خارج کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے غذا کو ہضم کرتا ہے بھوک لگاتا ہے متلی اور قے اور ہیضہ میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ م ل سے ۱۲۰ ملی لیٹر

طریقہ استعمال: ۲۵ م ل سکنجبین لیموں میں ملا کر پئیں۔

جوارش عود ملین: قبض کو رفع کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے اور معدے کو قوت دیتی ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۵ گرام صبح کو نیم گرم پانی سے کھائیں۔

جوارش مصطگی بہ نسخہ کلاں :۔ معدہ کی کمزوری، جگر کی سردی، بلغمی رطوبات و لعاب دہن کی زیادتی کثرت بول و اسہال میں نافع ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ دستوں کو بند کرتی ہے۔ خفقان معدہ کو دور کرتی ہے منہ سے رال آنے کو روکتی ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک بمطابق عمر صبح و شام لیں۔

سفوف مہزل :۔ یہ سفوف موٹاپے کے دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال :۔ صبح کو ۶ گرام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

شربت بہی :۔ دل اور معدے کو قوت دیتا ہے۔ خوراک بحال کرتا ہے اور قے کو روکتا ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۲۰ سے ۴۰ ملی لیٹر پانی یا عرق مناسبہ کے ساتھ استعمال کریں۔

شربت سیب شیریں :۔ دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے اور دل کو فرحت بخشتا ہے۔ قے اور دستوں کو روکتا ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۲۰ ملی لیٹر شربت ہمراہ عرقِ گزر یا پانی سے لیں۔

شربت مسہل : آسانی سے دست لاتا ہے اور فاسد مادہ کو خارج کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: ۲۰ تا ۴۰ ملی لیٹر بمطابق عمر نیم گرم پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

شربت ملین :۔ قبض کو دور کتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک صبح کو نیم گرم پانی میں ملا کر پیئیں۔

شربت وردمکرر :۔ ملین شکم اور مخرج بلغم ہے۔ضعفِ معدہ اور شوزش معدہ کے لئے مفید ہے۔ گردہ اور مثانہ کو قوت دیتا ہے۔ خارش اور فساد خون کے لئے صفراوی اسہال کے لئے اور جگر وطحال کے امراض کے لئے نافع ہے۔

طریقہ استعمال :۔ ۲۰ سے ۴۰ رملی لیٹر شربت کسی عرق کے ساتھ لیں۔

معجون فوتنجی :۔ معدہ اور جگر کے درد کے لئے جو برودت سے ہواسی طرح کہنہ بخاروں، چوتھیا بخار کے لئے نافع ہے۔

طریقہ استعمال :۔ صبح ۷ر سے ۹ رگرام تک پانی کے ساتھ لیں۔

دردمعدہ وجع المعدہ

شکتینا : معدہ اور جگر کے فعل کو درست کر کے قوت ہضم بڑھاتا ہے۔ دل ودماغ کو طاقت دیتا ہے اعصابی کمزوری دور کرتا ہے۔ حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتوں کے لئے بے حد مفید ہے بیماری کے بعد کی نقاہت کو جلد دور کر کے صحت بحال کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۰ سے ۴۰ ملی لیٹر

طریقہ استعمال: بالغ دونوں وقت کھانے کے بعد دو چمچے چائے کے لیں بچے نصف سے ایک چمچہ تک حسب ضرورت لیں۔

اکسیر معدہ : ضعف معدہ، پیٹ کا درد، بدہضمی، سینے کی جلن، کھٹی ڈکاریں وغیرہ مرض میں قوی الاثر ہے، قبض کو دور کرتا ہے، بادی بواسیر میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ رگرام سے ۱۰ رگرام

طریقۂ استعمال: دونوں وقت غذا کے بعد کھائیں

جوراش کمونی: معدہ اور آنتوں کے ریاحی درد کو روکتی ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ اور ریاح کو خارج کرتی ہے۔ ہچکیوں کو روکتی ہے اور قبض کو بھی دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام سے ۱۰ر گرام

طریقۂ استعمال: دونوں وقت غذا کے بعد کھائیں۔

جوارش کمونی کبیر: معدے کے درد، قولنجی درد کو رفع کرتی ہے، غذا کو ہضم کرنے میں مدد کرتی دیتی ہے اور ریاح کو خارج کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ر گرام

طریقۂ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

جوارش کمونی مسہل: معدے اور آنتوں کو فضلات سے پاک صاف کرتی اور ان کو طاقت پہونچاتی ہے اور ان کے دردوں کو دور کرتی ہے۔ منہ کی رطوبت، سیلان لعاب اور منہ کی بدمزگی کو دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام سے ۱۰ر گرام

طریقۂ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد عرق بادیان، عرق مکوہ، شربت دینار یا پانی کے ساتھ کھائیں۔

حب پپیتہ: ہضم کو درست کرتی ریاح تحلیل کرتی اور قبض کی شکایت کو دور کرتی ہے۔ ہیضہ کے دنوں میں استعمال کرنے سے وبائی اثرات سے محفوظ رہتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ گولیاں

طریقۂ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

حب حلتیت: معدے اور آنتوں کے درد کو دور کرتی ہے۔ ریاح کو خارج کرتی ہے اور بھوک لگاتی ہے۔

مقادر خوراک: ۲۔۲ گولیاں

طریقۂ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

قرصِ ہیرا: معدہ کو قوت دیکر کھانا جلد ہضم کرتی ہے۔ ریاحی درد میں اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔ آنتوں کے خراب مادہ کو خارج کرتی ہے اور ریاح تحلیل کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے قبض کی شکایت جاتی رہتی ہے۔

مقدار خوراک :۔ ایک سے دو گولی

طریقۂ استعمال: کھانے کے بعد پانی سے لیں۔ قبض کی شکایت ہو تو ۲ر گولی رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی سے لیں۔

شربت ہاضم: بدہضمی، درد شکم اور وبائی امراض میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ م ل سے ۵۰ ملی لیٹر

طریقۂ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد پئیں۔

سفوف ہاضم: بدہضمی کی اصلاح کرتی ہے۔ کھٹی ڈکاریں آتی ہوں اور معدے حلق اور سینے میں جلن معلوم ہوتی ہو تو ان حالات میں اس کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ گرام سے ۳ گرام

طریقۂ استعمال: وقت ضرورت پانی کے ساتھ غذا کے بعد کھائیں۔

جوارش فلافلی:۔ درد شکم کے لئے مفید ہے ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور چوتھیا بخار کو فائدہ پہنچاتی ہے۔

طریقہ استعمال:۔ تین سے پانچ گرام عرق مناسبہ یا پانی کے ساتھ لیں۔

متلی اور قے

قرص ہاضم: معدہ کو قوت دیتی ہے۔ پیٹ کا درد بدہضمی گیس سینے کی جلن گھٹی ڈکاریں اور ریاحی درد سے فوراً چھٹکارہ دلاتی ہے۔ ثقیل اور مرغن غذاؤ کو جلد ہضم کرتی ہے۔ جگر اور معدہ کے فعل کو درست کرتی ہے قے اور ہیضہ میں اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔

مقدار خوراک: ا سے ۲ گولی تک۔

طریقۂ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد لیں قبض یا ریاح کی کیفیت میں ۲ گولی سوڈا کے ہمراہ لیں قے اور ہیضہ کی صورت میں ایک گولی چائے کے ساتھ لیں۔

جوارش انارین:۔ صفراء کی زیادتی کو معتدل کرتی اور متلی، قے کو روکتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ ر گرام

طریقۂ استعمال: صبح کو یا وقت ضرورت کھائیں۔

جوراش تمر ہندی: صفراوی پتوں اور قے کے لئے مفید ہے ہیضہ کے دنوں میں اس کا استعمال نفع بخش ہے، معدہ جگر کو تقویت دیتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵/گرام سے ۱۰گرام

طریقۂ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

سکنجبین سادہ: صفراء کی حدت کو کم کرتی اور جگر کی حرارت کو زائل کرتی ہے۔ پیاس کی شدت کو کم کرتی اور صفراوی بخاروں میں مفید ہے۔ متلی اور قے کو روکتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۵م ل تا ۲۵م ل

طریقۂ استعمال: عرق گاؤزبان ۱۲۵م ل یا سادہ پانی میں ملا کر پیئیں۔

سکنجبین لیمونی: صفراوی بخاروں میں بخار کی حرات کو گھٹاتی اور پیاس کو بجھاتی ہے۔ متلی اور قے کو روکتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۵/ملی لیٹر تا ۲۵ ملی لیٹر

طریقۂ استعمال: عرق گاؤزبان ۱۲۵/ملی لیٹر یا سادہ پانی میں ملا کر پیئیں۔

شربت تمر ہندی: صفراوی مزاج لوگوں میں معدے کو قوت دیتا اور بھوک لگاتا ہے صفراوی بخاروں میں مفید ہے۔ صفرائی جوش کو تسکین دیتا ہے متلی اور قے کو روکتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۰ ملی لیٹر تا ۴۰ ملی لیٹر

طریقۂ استعمال: پانی میں ملا کر پیئیں۔

عرق پودینہ: تخمہ اور ہیضہ میں مفید ہے معدے کو طاقت دیتا ہے متلی اور قے کو روکتا ہے، غذا کو ہضم کرتا اور بھوک لگاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لیٹر

طریقۂ استعمال: سکنجبین لیموں ۲۵ م ل میں ملا کر پیئیں۔

امراض کبد و مرارہ

(جگر و پتہ کی بیماریاں)

الحیاتین: درد شکم سے فوراً چھٹکارا دلاتا ہے اور جسم کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ جگر کی کمزوری یا جگر بڑھ جانے کی شکایت میں اس استعمال بے حد مفید ہے۔ الحیاتین کی ایک ہی خوراک جگر کو قوت دیتی ہے۔ غذا کو جلد تحلیل کر کے خون کی پیدائش بڑھاتی ہے۔ چہرے کی زردی دور کرتی ہے۔ ضعفِ معدہ، تلی بڑھ جانا اور جسم کے کسی حصہ میں جمع ہوئے پانی کو دور کرنے کے لئے مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۲۰ م ل

طریقۂ استعمال: لیٹر تک ۱۰۰ ملی لیٹر پانی یا عرق مکوہ میں حل کر کے لیں۔

شربت بزوری بارد: جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے، پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے جگر، گردہ اور مثانہ کی گرم بیماریوں میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ م ل

طریقۂ استعمال: صبح کو ٹھنڈے پانی میں ملا کر پیئیں۔

شربت بزوری معتدل: جگر کی گرمی سے بخار رہتا ہو وہ بھی دور ہو جاتا ہے، پیشاب لا کر ان کو صاف کرتا ہے اور جگر گردوں اور مثانہ کی گرمی کو بھی دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ م ل

طریقۂ استعمال: بوقت ضرورت ٹھنڈے پانی میں ملا کر پیئیں۔

شربت بزوری حار: جگر، گردہ اور مثانہ کی بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ م ل

طریقہ استعمال: عرق بادیان یا ٹھنڈے پانی میں ملا کر پیئیں۔

حب کبد نوشادری: جگر کی بیماریوں میں خاص طور پر مفید ہیں خصوصاً ورم جگر، اور عظم جگر میں نہایت مفید ہیں، غذا کو ہضم کرتی ہیں۔

مقدار خوراک :۲ گولیاں

طریقۂ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

شربت دینار: ورم جگر، درد جگر اور استسقاء میں مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ م ل

طریقۂ استعمال: عرق بادیان میں ملا کر پیئیں۔

شربت کاسنی: جگر معدہ اور آنتوں وغیرہ کے ورم، یرقان، صفراء کی زیادتی اور جگر کی بڑھتی ہوئی گرمی وغیرہ میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ م ل تا ۵۰ م ل

طریقۂ استعمال: پانی یا کسی مناسب عرق میں ملا کر پیئیں۔

عرق برنجاسف: جگر، معدہ، آنتوں اور رحم وغیرہ کے اندرونی حصہ کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور ان اعضاء کی خرابی سے آنے والے بخار کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ م ل

طریقۂ استعمال: شربت کثوث میں ملا کر پیئیں۔

عرق کاسنی: جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے اور ورم جگر میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ م ل

طریقۂ استعمال: شربت کاسنی میں ملا کر پیئیں۔

عرق مکوہ: تمام اندرونی اعضاء مثلاً جگر، معدہ، آنتوں اور رحم کے ورموں کو تحلیل کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور ان کی گرمی کو تسکین دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ م ل

طریقۂ استعمال: شربت کاسنی میں ملا کر پیئیں۔

معجون دبید الورد: ورم معدہ، ورم جگر اور ورم رحم اور اندرونی اعضاء کے ورموں کو تحلیل کرنے میں نہایت مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ر گرام

طریقہ استعمال: عرق بادیان یا عرق مکوہ کے ساتھ کھائیں۔

شربت کثوث: ضعف جگر، ضعف معدہ میں مفید ہے جگر کے سدّوں کو کھولتا ہے بخاروں میں مفید ہے جو جگر کی خرابی سے آتے ہیں۔

مقدار خوراک: ۵۰ م ل

طریقہ استعمال: عرق بادیان میں ملا کر پیئیں۔

کشتہ خبث الحدید: ضعف جگر میں مفید ہے۔ معدے کی کمزوری کو دور کرتا ہے اور خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ ٹکیاں

طریقۂ استعمال: صبح نہار منہ جوارش جالینوس ۵ر گرام میں رکھ کر کھائیں۔

کشتہ زمرد: جگر کو طاقت دیتا ہے، دل کو قوت بخشتا ہے ضعف جگر میں مفید ہے، کھانسی میں بھی مفید ہے اور پیشاب کی زیادتی کو روکتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک قرص

طریقۂ استعمال: جوارش زرعونی عنبری ۵ر گرام میں رکھ کر کھائیں۔

کشتہ فولاد: جگر کو قوت دیکر خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے ضعف جگر میں مفید ہے اور بیماریوں سے اچھا ہونے کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ قرص

طریقۂ استعمال: جوارش جالینوس یا دواء المسک معتدل جواہر والی ۵ رگرام میں رکھ کر کھائیں۔

اکسیر جگر: ۔جگر کی اکثر و بیشتر خرابیوں میں مفید ہے۔ جگر کی خرابی کے باعث ہونے والے مزمن بخار کو دور کرتی ہے۔

طریقہ استعمال: ۔چار گرام اکسیر ہمراہ الحیاتین ۲۰ سے ۴۰ ملی لیٹر عمر مے مطابق صبح شام لیں۔

جوارش پودینہ: ۔معدہ اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔ قے ہچکی اور متلی کو روکتی ہے۔

طریقہ استعمال: ۔۵ رگرام صبح اور شام کھائیں۔

شربت فالسہ: ۔معدہ اور دل کو تقویت دیتا ہے۔ جگر کی حرارت قے' درست اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔

طریقہ استعمال: ۔۲۰ رسے ۴۰ رملی لیٹر پانی کے ساتھ صبح شام استعمال کریں۔

قرص کشتئہ فولاد: ۔جگر کی کمزوری میں مفید ہے۔ جگر کو قوت دیگر حون کی پیدائش کو بڑھاتی ہیں اور دیگر بیماریوں کے ٹھیک ہونے کے بعد کمزوری کو دور کرتی ہے۔

طریقہ استعمال: ۔دو قرص' جوارش جالینوس ۵ رگرام یا دواء المسک معتدل جواہر والی ۵ رگرام میں رکھ کر کھائیں۔

یرقان

الحیاتین :۔ درد شکم سے فوراً چھٹکارا دلاتا ہے اور جسم کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ جگر کی کمزوری یا جگر بڑھ جائے کی شکایت میں اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔ الحیاتین کی ایک ہی خوراک جگر کو قوت دیتی ہے۔ غذا کو جلد تحلیل کر کے خون کی پیدائش بڑھاتی ہے۔ چہرے کی زردی دور کرتی ہے۔ ضعفِ معدہ، تلی بڑھ جانا اور جسم کے کسی حصہ میں جمع ہوئے پانی کو دور کرنے کے لئے مفید ہے۔

طریقہ استعمال۔ الحیاتین ۱۰ سے ۲۰ ملی لیٹر تک ۱۰۰ ملی لیٹر پانی یا عرق مکوہ میں حل کر کے لیں۔

حب یرقان: یرقان میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقۂ استعمال: صبح وشام کھا کر مولی کے پتوں کا پھاڑا ہوا پانی، شربت بزوری معتدل میں ملا کر پیئیں۔

شربت بزوری، شربت کاسنی یرقان میں مفید ہیں۔

سنگ مرارہ (پتہ کی پتھری)

معجون مرکب :۔ معدہ کی تمام شکایات دور کر کے اسے طاقت دیتی ہے۔ بدہضمی اور ریاح کو دور کرتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے اور بھوک لگاتی ہے۔ منہ کی بدبو زائل کرتی ہے۔ تبخیر معدہ سے پیدا ہونے والے سر درد کو فائدہ دیتی ہے۔ کمر کے درد اور ضعفِ مثانہ کو دور کرتی

ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ بلغمی کھانسی اور بواسیر کے لئے بے حد مفید ہے۔ پتھری کو نکالتی ہے چاہے وہ گردہ میں ہو یا مثانہ میں۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے گرنے سے روکتی ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کر کے جسم میں چستی پھرتی پیدا کرتی ہے۔ اس کا استعمال آپ کو ہمیشہ صحت منداور تندرست رکھنے میں معاون ہوگا۔

طریقہ استعمال:۔ بالغ ۵ رگرام اور بچے ۳ رگرام معجون پانی یا عرق بادیان کے ساتھ استعمال کریں۔

روغن زیتون: پتے کی پتھری اس کے لگاتار استعمال سے گھل کر نکل جاتی ہے۔ قبض دور ہو جاتا ہے۔ بدن میں قوت وحرارت پیدا ہوتی ہے اور اعصاب کو تقویت پہونچتی ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ م ل

طریقہ استعمال: رات میں سوتے وقت ۲۵۰ م ل دودھ میں ملا کر پییں۔

کشتہ حجر الیہود دوائے سنگ، معجون حجر الیہود اور سکنجبین بزوری بھی اس مرض میں مفید ہے۔

عظم طحال (تلی کا بڑھ جانا)

الحیاتین:۔ درد شکم سے فوراً چھٹکارا دلاتا ہے اور جسم کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ جگر کی کمزوری یا جگر بڑھ جائے کی شکایت میں اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔ الحیاتین کی ایک ہی خوراک جگر کو قوت دیتی ہے۔ غذا کو جلد تحلیل کر کے خون کی پیدائش

بڑھاتی ہے۔ چہرے کی زردی دور کرتی ہے۔ ضعفِ معدہ، تلی بڑھ جانا اور جسم کے کسی حصہ میں جمع ہوئے پانی کو دور کرنے کے لئے مفید ہے۔

طریقہ استعمال۔ الحیا تین ۱۰ سے ۲۰ ملی لیٹر تک ۱۰۰ ملی لیٹر پانی یا عرق مکوہ میں حل کر کے لیں۔

شربت انجیر: تلی کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ قبض کشا ہے۔ چھوٹے بچوں کو رفع قبض کے لئے چٹا سکتے ہیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۲۰ م ل

آنتوں کی بیماریاں

اسہال (دست)

جوارش طباشیر: گرمی سے آنے والے دستوں کو بند کرتی ہے۔ معدے سے دماغ کی طرف بخارات کے چڑھنے (تبخیر) کو روکتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: صبح و شام دونوں وقت کھائیں۔

